سوال

فرض نمازیں اوران کی رکعات

جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

دن رات میں کتنی نمازیں فرض ہیں ؟ قرآن وحدیث سے جواب دیں ۔

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علىٰ رسول اللہ، أما بعد!

نبی کریم ﷺ نے جب سیدنا معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ کو یمن کی طرف بھیجا تو فرمایا «فاخبرہم ان اللہ فرض علیہم خمس صلوات فی یومھم ولیلتھم» پس انہیں بتاؤ اللہ نے ان پر دن رات میں پانچ نمازیں فرض کی ہیں ۔ (صحیح البخاری :7372 و صحیح مسلم 121/19)

سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ "فرض اللہ الصلوۃ حین فرضھا رکعتین رکعتین فی الحضر والسفر فاقرت صلوۃ السفر وزید فی الصلوۃ الحضر"

اللہ نے جب نماز فرض کی تو سفر اور حضر (گھر اور حالت اقامت) میں دو دو رکعتیں فرض کیں پھر سفر کی نماز تو اس پر قائم رہی اور حضر (گھر اور حالت اقامت) والی نمازیں اضافہ کر دیا گیا ۔ (صحیح بخاری :350 و صحیح مسلم :1570/655)

سیدنا عائشہ رضی اللہ عنہ سے دوسری روایت میں آیا ہے :"فرضت الصلوۃ رکعتین ثم ہاجر النبی صلی اللہ علیہ وسلم ففرضت اربعا وترکت صلوۃ السفر علی الاولی"

نماز دو (دو) رکعتیں فرض ہوئی پھر نبی ﷺ نے ہجرت فرمائی تو چار (چار) رکعتیں فرض کر دی گئیں اور سفر کی نماز کو اس کے پہلے حال پر چھوڑ دیا گیا ۔ (صحیح بخاری :3935)

سیدنا عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ : "فَرَضَ اللهُ الصَّلَاةَ عَلَى لِسَانِ نَبِيِّكُمْ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْحَضَرِ أَرْبَعًا، وَفِي السَّفَرِ رَكْعَتَيْنِ، وَفِي الْخَوْفِ رَكْعَةً"

اللہ تعالیٰ نے تمہارے نبی ﷺ کی زبان مبارک کے ذریعے سے حضر میں چار رکعتیں ، سفر میں دو اور خوف میں ایک رکعت نماز فرض کی ۔ (صحیح مسلم :1575/687)

سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا :"کان اول ما افترض علی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم علی رسولہ صلی اللہ علیہ وسلم الصلوۃ رکعتان رکعتان الا المغرب فانھا کانت ثلاثا ثم اتم اللہ الظھر والعصر والعشاء الآخرۃ اربعا فی الحضر واقر الصلوۃ علی فرضھا الاول فی السفر"

رسول اللہ ﷺ پر پہلے دو دو رکعتیں نماز فرض ہوئی تھی سوائے مغرب کے ۔ وہ تین رکعات فرض تھی ۔ پھر اللہ نے حضر میں ظہر ، عصر اور عشاء کی نماز چار (چار) کر دی اور سفر والی

نماز اپنی پہلی حالت پر (دو دو سوائے مغرب کے) فرض رہی۔

(مسند الامام احمد ج 2 ص 27226869) دوسرا نسخہ: 26338 وسندہ حسن لذاتہ)

سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا سے ہی روایت ہے: فرضت صلوۃ السفر والحضر رکعتین فلما اقام رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بالمدینۃ زید فی الصلوۃ الحضر رکعتان رکعتان وترکت صلوۃ الفجر لطول القراءۃ وصلوۃ المغرب لانہا وتر النہار"

سفر اور حضر میں دو (دو) رکعتیں نماز فرض ہوئی، پھر جب رسول اللہ ﷺ نے مدینہ میں اقامت اختیار کی تو حضر کی نماز میں دو دو رکعتوں کا اضافہ کر دیا گیا اور صبح کی نماز کو طول قراءت اور مغرب کی نماز کو دن کے وتر ہونے کی وجہ سے چھوڑ دیا گیا۔ (صحیح ابن حبان 4/180 ح 2727 دوسرا نسخہ: 2738 و صحیح ابن خزیمہ 2/71 ح 944 وسندہ حسن)

تنبیہ: اس روایت کے راوی محبوب بن الحسن بن ہلال بن ابی زینب حسن الحدیث ہیں۔ انھیں جمہور محدثین نے ثقہ وصدوق قرار دیا ہے۔

ان احادیث صحیحہ سے معلوم ہوا کہ دن رات میں پانچ نمازیں (ہر مکلف پر) فرض ہیں۔

1۔ نماز فجر 2) نماز ظہر 3) نماز عصر

4) نماز مغرب 5) نماز عشاء

نماز فجر اور نماز عشاء کا خاص طور پر ذکر قرآن مجید میں ہے۔ (سورہ النور: 58)

ظہر کا اشارہ سورہ بنی اسرائیل میں موجود ہے۔ (آیت: 78)

نیز دیکھئے کتاب الام للامام الشافعی (1/68)

اس پر مسلمانوں کا اجماع ہے کہ دن رات میں پانچ نمازیں فرض ہیں۔

حافظ ابن حزم (متوفی 456ھ) فرماتے ہیں: "اس پر اتفاق (اجماع) ہے کہ پانچ نمازیں فرض ہیں۔ اس پر اتفاق (اجماع) ہے کہ خوف وامن۔ سفر وحضر میں صبح کی نماز دو رکعتیں (فرض) ہے اور خوف وامن، سفر وحضر میں مغرب کی نماز تین رکعتیں (فرض) ہے۔۔ اس پر اتفاق (اجماع) ہے کہ حالت امن میں مقیم پر ظہر۔ عصر اور عشاء کی نمازیں چار چار رکعات (فرض) ہیں" (مراتب الاجماع ص 24-25)

احادیث صحیحہ مذکورہ سے یہ بھی ثابت ہے کہ گھر میں (حالت امن میں) صبح کی نماز دو رکعتیں، ظہر کی چار، عصر کی چار، مغرب کی تین اور عشاء کی چار رکعتیں فرض ہے۔ حالت سفر میں مغرب کے علاوہ باقی نمازیں دو دو رکعتیں فرض ہیں۔ کفار کے ساتھ جہاد کرتے وقت حالت خوف میں صبح ومغرب کے علاوہ باقی نمازیں ایک ایک رکعت فرض ہیں۔

تنبیہ بلیغ: سفر میں قصر کرنا افضل ہے لیکن پوری نماز پڑھنا بھی بالکل جائز اور صحیح ہے جیسا کہ صحیح احادیث اور آثار صحابہ سے ثابت ہے۔ امام ابو بکر محمد بن ابراہیم بن المنذر النیسابوری (متوفی 318ھ) نے فرمایا:

34: اجماع ہے کہ نماز ظہر کا وقت زوال آفتاب ہے۔

35 : اجماع ہے کہ مغرب کی نماز غروب آفتاب کے بعد واجب ہوتی ہے ۔

36 : اجماع ہے کہ نماز فجر کا وقت طلوع فجر (صبح صادق) ہے ۔ کتاب الاجماع ، مترجم ص24)

خلاصۃ التحقیق : صحیح احادیث اور اجماع سے دن رات میں ہر مکلف پر پانچ نمازوں کا فرض ہونا ثابت ہے اور اسی طرح ان نمازوں کے اوقات اور رکعتوں کی تعداد بھی صحیح احادیث واجماع سے ثابت ہے ۔ والحمدللہ (27/ذوالحجہ 1426ھ)(الحدیث :23)

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

فتاویٰ علمیہ (توضیح الاحکام)

ج1ص406

محدث فتویٰ